## معروف شیخ الحدیث مولانا اسلم شیخوپوری اور مولانا محمد سفرین کا بہیمانہ قتل فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے، الطاف حسین

## سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازش میں ملوث عناصر کا سخت محاسبہ کیا جائے

## علمائے کرام اور عوام اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور گھناؤنی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں

## مولانا اسلم شیخوپوری اور مولانا محمد سفرین کے تمام سوگواران سے جناب الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔13، مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے دھوراجی بہادرآباد کے علاقے میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے معروف شیخ الحدیث مولانا اسلم شیخوپوری اور مولانا محمد سفرین کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واردات کو شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل قرار دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مولانا اسلم شیخوپوری شہید اور مولانا محمد سفرین شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کا کوئی دین وایمان نہیں ہے اور وہ کھلی بربریت اور دہشت گردی پر ہی یقین رکھتے ہیں اور جہالت کے اندھیروں میں گم ہیں۔ انہوں نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام سے اپیل کی کہ وہ اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور کسی بھی واقعہ پر صبر وتحمل کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اور ماضی کی طرح اپنے اتحاد سے فرقہ وارانہ فسادات کی گھناؤنی سازشوں کو ناکام بنادیں۔ انہوں نے مولانا اسلم شیخوپوری شہید اور مولانا محمد سفرین شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور ان کے بلند درجات اور زخمی سیکورٹی گارڈ کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ مولانا اسلم شیخوپوری اور محمد سفرین کے بہیمانہ قتل میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور شہر میں قتل وغارتگری کے ذریعے فرقہ وارانہ فسادات اور امن وامان خراب کرنے میں ملوث سازشی عناصر کا سخت محاسبہ کیا جائے۔

## راؤ گل شیر شہید کے قتل میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے، رابطہ کمیٹی

## شہید کے قتل میں ملوث دہشت گرد قومی یکجہتی کے خلاف ہیں اور شہر امن کے کھلے دشمن ہیں

## راؤ گل شیر شہید کے بہیمانہ قتل پر اظہار مذمت، شہید کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

## رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک کے شہید کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔13، مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیو ایم پنجابی، سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی (کراچی) جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ 8 کے کارکن راؤ گل شیر کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بہیمانہ قتل کی اس واردات کو شہر کے امن دشمن عناصر کی کارروائی قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جو سازشی عناصر اپنے مذموم عزائم کی تکمیل کیلئے ایم کیو ایم سے تعلق رکھنے والے مختلف قومیتوں کے کارکنان کو نشانہ بنارہے ہیں وہ قومی یکجہتی کے خلاف ہیں، ایم کیو ایم جس قومی یکجہتی کو فروغ دے رہی ہے راؤ گل شیر شہید کے بہیمانہ قتل میں ملوث دہشت گرد اس قومی یکجہتی کی فضا کو سبوتاژ کرنا چاہتے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے راؤ گل شیر شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور شہید کے بلند درجات کیلئے دعا بھی کی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم پنجابی، سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی (کراچی) جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ 8 کے کارکن راؤ گل شیر کے سفاکانہ قتل میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور انہیں قرار واقعی سزا دی جائے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے شہید کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور شہید کی مغفرت کیلئے دعا کی۔

## بجلی کے بحران اور طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ نے تجارتی، اقتصادی اور معاشی سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا ہے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی
## ملک بھر میں بجلی کے سنگین بحران اور کراچی میں کے ای ایس سی کی جانب سے سب میٹر ختم کرنے کے فیصلے پر اظہار مذمت
## کے ای ایس سی کراچی دشمنی پر اتر آئی ہے، ملک بھر کے عوام کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے

کراچی:۔۔۔13 مئی، 2012ء

حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے ملک بھر میں بجلی کے سنگین بحران اور کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے کراچی کے صارفین کیلئے سب میٹر ختم کرنے کے فیصلے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے صارفین کے ساتھ ظلم وانصافی قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ ملک میں جاری بجلی کے بحران اور طویل دورانیئے کی لوڈشیڈنگ نے تجارتی، اقتصادی اور معاشی سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا ہے، صنعتیں اور کاروبار منتقل ہونے کے باعث لاکھوں کی تعداد میں لوگ بیروزگار ہو رہے ہیں اور شعبہ ہائے زندگی متاثر ہو رہا ہے اور مجموعی طور پر بجلی کی لوڈشیڈنگ اور سنگین بحران نے ایک عذاب کی شکل اختیار کر لی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب ملک بھر کے عوام بجلی کے سنگین بحران میں مبتلا ہیں اور طویل دورانئے کی لوڈشیڈنگ جھیل رہے ہیں جبکہ دوسری جانب کے ای ایس سی عوام دشمن اقدامات سے کر رہی ہے اور کراچی کے صارفین کو ریلیف کی فراہمی کے بجائے بلاوجہ پریشان کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے شہری مہنگی ترین بجلی استعمال کر رہے ہیں اور باقاعدگی سے اپنے بل جمع کروا رہے ہیں اس کے باوجود شہریوں کو تنگ کرنے کا عمل قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی گنجان آبادی کا شہر ہے جہاں ایک مکان میں ایک سے زائد فیملیاں آباد ہیں اور ان کے علیحدہ علیحدہ سب میٹر ہیں جبکہ کے ای ایس سی کی جانب سے سب میٹر ختم کرنے کے فیصلے سے کراچی کے لاکھوں صارفین کو استعمال شدہ بجلی کے بل جمع کروانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہوگا اور ان کے درمیان اختلافات پیدا ہونگے جو انہیں آپس میں دست وگریبان کر دینگے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی اپنی آسانی اور بلوں کی پرنٹنگ کے اخراجات کی کمی کیلئے کراچی کے صارفین کو پریشان کر رہی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ ملک بھر کے عوام کو بجلی کی لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلائی جائے اور کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے سب میٹر ختم کرنے کے غیر منطقی فیصلے کا نوٹس لیا جائے اور صارفین کے ساتھ ظلم وناانصافی کا عمل بند کرایا جائے۔

## ایم کیو ایم پنجابی، سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی (کراچی) جمشید ٹاؤن سیکٹر کے کارکن راؤ گل شیر کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس
## راؤ گل شیر شہید کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور سفاک قاتل آئین وقانون کی گرفت سے ہرگز محفوظ نہیں رہ سکتے
## شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

لندن۔۔۔13مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم پنجابی، سرائیکی آرگنائزنگ کمیٹی (کراچی) جمشید ٹاؤن سیکٹر یونٹ 8 کے کارکن راؤ گل شیر کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ راؤ گل شیر شہید کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اور ان کے سفاک قاتل آئین وقانون کی گرفت سے ہرگز محفوظ نہیں رہ سکتے۔ انہوں نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے بزرگ کارکن جمیل احمد انصاری کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ایلڈرز ونگ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7 کے کارکن جمیل احمد انصاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کی تحریکی وتنظیمی خدمات پر زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے شہید کے سوگواران سے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم مظلوم پختونوں کے ساتھ ہےاوران کے جائزحقوق کیلئے جدوجہد کررہی ہے،گلفراز خان خٹک
## خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں پی او سی کے تحت سائٹ ٹاؤن اوراورنگی ٹاؤن کے ذمہ داران وکارکنان کے اجلاس میں گفتگو

کراچی۔۔۔13مئی،2012ء

ایم کیوایم مظلوم پختونوں کے ساتھ ہے اوران کے جائزحقوق کیلئے اسی طرح عملی جدوجہد کررہی ہے جس طرح دیگرزبانیں بولنے والے مظلوم عوام کے حقوق کیلئے کرتی ہے،قائدتحریک الطاف حسین نے پختونوں میں پائی جانیوالے مایوسی کومحسوس کیااور پختونوں کی خواہش پرصوبہ سرحد کا نام تبدیل کرکے خیبرپختون خواہ رکھنے میں پختون بھائیوں کا ساتھ دیا۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک نے گزشتہ روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام سائٹ ٹاؤن اوراورنگی ٹاؤن کے یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان کے اجلاس سے گفتگو کے دوران کیا۔اس موقع پر پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج اسلم شاہ آفریدی،ارکان شیرولی آفریدی اورمومن شاہ بنیری بھی موجود تھے۔گلفراز خان خٹک نے کہا کہ بعض قوتیں سوچی سمجھی سازش کے تحت کراچی میں لسانی بنیادوں پرفسادات کروانے کی کوشش کررہی ہے ۔انہوں نے تمام ذمہ داران وکارکنان کومخاطب کرتے ہوئے مزید کہا کہ وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفے کوگھر گھر غریب ومظلوم عوام تک پہنچائیں تا کہ قائدتحریک الطاف حسین کی قیادت میں اس ملک سے خصوصاً شہرکراچی کے غریب ومظلوموں کونہ صرف اس کرپٹ پولیٹیکل سسٹم سے نجات دلائی جائے بلکہ دہشت گردعناصر سے بھی چھٹکارہ دلایا جاسکے جوبھائی کو بھائی سے لڑواکراپنے مذموم مقاصد حاصل کررہے ہیں۔قبل ازیں اسلم شاہ آفریدی نے بھی اجلاس کے شرکاء سے گفتگو کی اورایم کیوایم کے فکروفلسفے پرروشنی ڈالتے ہوئے ایم کیوایم کے اغراض ومقاصد بیان کیئے۔

## جناب الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی بلاتفریق رنگ ونسل زبان خدمت کا درس دیا،ڈاکٹرندیم احسان
## جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں کراچی اورحیدرآباد میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے جس سے کراچی اورحیدرآباد کا نقشہ بدل گیا
## لیاقت آباد ٹاؤن یوسی نمبر02اور05سے متصل روڈ کے افتتاح کے موقع پرمیڈیا سے گفتگو

کراچی۔۔۔13مئی،2012ء

حق پرست وفاقی وزیرمملکت برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹرندیم احسان نے اپنے خصوصی ترقیاتی فنڈ سے ایک کروڑ روپے لاگت سے تعمیرہونے والے لیاقت آباد ٹاؤن یوسی نمبر 02اور05سے متصل روڈ کا افتتاح کردیا۔اس موقع پرحق پرست صوبائی وزیرشعیب بخاری،رکن صوبائی اسمبلی ریحان ظفر،ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹرویونٹوں کے ذمہ داران و کارکنان کے علاوہ عوام کی بڑی تعداد موجودتھی ۔اس موقع پرمیڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹرندیم احسان اورشعیب احمد بخاری نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی بلاتفریق رنگ ونسل زبان خدمت کا درس دیا ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کے تمام حق پرست عوامی نمائندے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے رات دن کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی کا یہ ویژن ہے کہ تمام عوامی مسائل کوحل کرنے کیلئے ہرممکن کوشیش کی جائیں تا کہ عوام مسائل کی فکر سے آزاد ہوکر ملک کی تعمیرو ترقی میں اپنا فعال کردارادا کرسکیں،انہوں نے کہا کہ یہ ہماراالمیہ ہے کہ آج دنیا چاند پرپہنچ چکی ہے جبکہ ہم اب تک بنیادی مسائل پرقابو پانے میں کامیاب نہیں ہوسکے ہیں جس کی بڑی وجہ ملک پرقابض 2فیصد مراعات یافتہ طبقہ ہے جوملک کے 98فیصد عوام پرحکمرانی توکررہاہے مگرعوامی مسائل کے حل میں اسکی کوئی دلچسپی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک کے تعلیم یافتہ غریب مڈل کلاس طبقے کے نوجوانوں کواسمبلیوں کا رکن منتخب کرواکراس جمود میں شگاف ڈالا ہے۔انہوں نے ترقیاتی کاموں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کی رہنمائی میں کراچی اورحیدرآباد میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے جس سے کراچی اورحیدرآباد کا نقشہ بدل گیا اسی طرح جب ایم کیوایم کے نامزدامیدوار پورے پاکستان سے منتخب ہوکر مختلف ایوانوں میں جائیں گے توپورے پاکستان کے مظلوم عوام کے دیرینہ مسائل کا حل ممکن ہوسکے گا۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13،مئی2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 7کے بزرگ کارکن جمیل احمد انصاری اورایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی بن قاسم سیکٹر یونٹ جمعہ حمائتی گوٹھ کے کارکن ہوش محمد حمائتی کی والدہ محترمہ یاسمین کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## جماعت اسلامی ایم کیوایم کوقومی جماعت تسلیم نہ کرنے کے مزاحیہ دعوے کرنے سے قبل اپناقد کاٹھ دیکھ لے،رائے خالد محمود

## ایم کیوایم ملتان ہاؤس میں منعقدہ مذمتی اجلاس میں زونل کمیٹی کے اراکین سے گفتگو

ملتان۔۔۔13مئی2012ء

ایم کیوایم ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود نے کہاہے کہ جماعت اسلامی کی سب سے بڑی بدنصیبی یہ ہے کہ وہ ملک میں آباد تمام مسالک اور مذاہب کوساتھ لیکر نہیں چل سکتی اور جماعت اسلامی ایم کیوایم کوقومی جماعت تسلیم نہ کرنے کے مزاحیہ دعوے کرنے سے قبل اپنا قد کاٹھ دیکھ لے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم ملتان ہاؤس میں منعقدہ ایک مذمتی اجلاس میں زونل کمیٹی کے اراکین سے گفتگوکرتے ہوئے کیا۔رائے خالد محمود نے جماعت اسلامی کے امیر منورحسن کی پریس کانفرنس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے 98فیصد مظلوم ومحکوم طبقے کی ترجمانی کرر ہے ہیں اورالحمداللہ ایم کیوایم کو پاکستان کے تمام طبقوں اورخطوں میں مقبولیت حاصل ہے جبکہ جماعت اسلامی کا منشور کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے اور یہی اس کی سب سے بڑی ناکامی ہے۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے عہدیداران کے گھروں سے نامی گرامی بین الاقوامی دہشت گردگرفتار ہوئے اوران دہشت گردوں کی گرفتاریاں اس بات کی کھلی غمازی کرتی ہیں کہ جماعت اسلامی ملک میں جاری بدترین دہشت گردی میں ملوث ہے۔انہوں نے کہا کہ پوری قوم جانتی ہے کہ جماعت اسلامی نے اپنی بغل بچہ تنظیم اسلامی جمعیت طلبہ کے ذریعے تعلیمی اداروں میں کلاشنکوف کلچر کوفروغ دیااورامیر جماعت اسلامی کی پریس کانفرنس ملک کے استحکام کے خلاف ایک بہت بڑی سازش ہےجس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔اجلاس میں جوائنٹ انچارج عمران اعظم گاڈی،ڈاکٹر اکرم علی،محترمہ فرخندہ زیدی،زونل کمیٹی کے ارکان ندیم مرزا،قاسم رضوی موجود تھے۔

## چکوال میں دھمن پل کے قریب ٹریفک حادثہ میں ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کے جاں بحق ہونے پرارکان قومی اسمبلی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13مئی2012ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے پنجاب کے شہر چکوال میں دھمن پل کے قریب ٹریفک حادثہ میں ایک ہی خاندان کے پانچ افراد کے جاں بحق ہونے پر دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے ٹریفک حادثہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## قائدتحریک ب الطاف حسین کے فکروفلسفہ ونظریہ کوعام کریں اورتحریکی کاموں کومستحکم ومضبوط بنائیں،آفتاب الدین خان

## ایم کیوایم تنقید برائے تنقید پرنہیں بلکہ عوام کی بےلوث خدمت پریقین کامل رکھتی ہے،اعجاز کھوسو

## ایم کیوایم سکھرزون کے اراکین زونل کمیٹی کا یوسی 04میں کارکنان کے جنرل ورکرزاجلاس سے خطاب

سکھر:۔۔۔13مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھرزون کے ارکان زونل کمیٹی آفتاب الدین خان اوراعجاز کھوسو نے یوسی 04میں کارکنان کے جنرل ورکرزاجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قیام پاکستان سے ملک پر قابض افراد نے ملک کی عوام کوایک قوم نہیں بننے دیا،نام نہادقوم پرستوں جرائم پیشہ افراد کے ذریعے پاکستانی قوم کوتقسیم کرتے رہے،انہوں نے کہا کہ یہ ہم سب کارکنان کی ذمہ داری ہے کہ ہم جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریہ کوعام کریں اورتحریکی کاموں کومزید مستحکم ومضبوط بنائیں،کارکنان تنظیمی نظم وضبط پرمکمل طور پرعمل پیراہوں،تنظیمی لٹریچر کے مطالعہ کواپنی عادت بنالیں،انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تنقید برائے تنقید پرنہیں بلکہ عوام کی بےلوث خدمت پریقین کامل رکھتی ہے،گزشتہ 65سالوں سے ملک میں رائج موروثی سیاست نے غریب طبقے کے مظلوم عوام کوان کے جائزحقوق سے محروم رکھا مگراب مظلوم عوام بیدار ہوچکے ہیں اورایم کیوایم کے پلیٹ فارم پرجمع ہورہے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ایم کیوایم کے خلاف کی جانے والی سازشوں کا نہ صرف ڈٹ کرمقابلہ کریں بلکہ اپنے اخلاق وعمل وکردار سے ان تمام سازشوں کوناکام بنادیں اورثابت کردیں کے وہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے سچے اوروفادارسپاہی ہیں۔

## ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد کی خوشدامن کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد کی خوشدامن محترمہ خورشید جہاں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلندفرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم برسراقتدار آکرغریب آدمی کوعزت دے گی اوراس کواس کے گھر کی دہلیز پر انصاف مہیا کرے گی

## تحریک کے کارکنان جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ومنظّم ہیں

## ایم کیوایم گوجرانوالہ زون کے اعزاز میں ظہرانے کی تقریب سے رکن صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن،ایم کیوایم گجرانوالہ زون کے انچارج وارا کین کا خطاب

گوجرانوالہ زون۔۔۔۔13 مئی،2012ء

ضلع گوجرانوالہ نے ایم کیوایم گوجرانوالہ زون کی زونل کمیٹی کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔جس میں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی رکن عبدالکریم،زونل انچارج عابد گجر وارا کین زونل کمیٹی ضلعی جوائنٹ انچارج رانا عثمان اوراسامہ کریم کے علاوہ ضلعی اراکین کمیٹی اور کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ظہرانے کی تقریب سے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے رکن عبدالکریم،زونل انچارج عابد گجرزونل جوائنٹ انچارج عدنان حمیداورزونل جوائنٹ انچارج وضلعی انچارج گوجرانوالہ عبدالحمیداعوان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ومنظّم ہیں اور جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ گھر گھر تک پہنچا کر دم لیں گے،اوروہ دن دورنہیں کہ جب ملک میں رائج گلاسڑا فرسوداجا گیردارانہ اور وڈیرانہ نظام اپنی جڑوں سے اکھاڑ کر پھینک دیا جائے اورہم اس وقت تک آرام سے نہیں بیٹھیں گے جب تک ملک سے خاندانی سیاست کا خاتمہ اورتھانہ کلچراور پٹواری کلچر کا خاتمہ نہ کردیں اوروہ دن اب زیادہ دورنہیں کہ جب ایم کیوایم برسراقتدار آکرغریب آدمی کوعزت دے گی اوراس کواس کے گھر کی دہلیز پر انصاف مہیا کرے گی اور ملک کے معاشی حالات ٹھیک کردے گی پاکستان میں تمام مسائل کی جڑ صرف اورصرف جا گیردارانہ نظام ہے اوراس کا خاتمہ صرف ایم کیوایم کرے گی اس موقعہ پرانہوں نے حکومت سے مطالبہ بھی کیا کہ بجلی کی غیر علانیہ لوڈ شیڈنگ کا خاتمہ کرے اورغریب عوام کا معاشی قتل بند کیا جائے اس موقع پرانہوں نے پنجاب حکومت سے بھی مطالبہ کیا کہ غریب کسانوں کے ساتھ ہونے والاظلم بند کیا جائے اورگندم کے باردانے کی غیر منصفانہ تقسیم کو بند کیا جائے۔

## قائد تحریک نے پاکستان کے 98 فیصد غریب ومظلوم طبقے کو متحد ومنظّم کرکے ملکی سیاست میں ایک انقلاب برپا کیا،محمد شریف

## جناب الطاف حسین کے نظریہ کے پیروکاروں میں بڑھتا اضافہ ملک میں امن وخوشحالی کے انقلاب کی نوید ہے،اکرم عادل

## سیکٹر ہالہ کا تنظیمی دورہ کے موقع پر ہالہ سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو

حیدرآباد۔۔۔13 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف،رکن زونل کمیٹی رسول بخش میمن اورحق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے سیکٹر ہالہ کا تنظیمی دورہ کیا اور تنظیمی کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ہالہ سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان سے زونل انچارج محمد شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے پاکستان کے 98 فیصد غریب ومظلوم طبقے کو ایم کیوایم کے پلیٹ فارم پرمتحد ومنظّم کرکے ملکی سیاست میں ایک انقلاب برپا کیا انہوں نے کہا کہ غریبوں ومظلوموں کو متحد کرنا اوران میں شعوری بیداری ہی کو اس ملک کے کرتا دھرتاؤں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کا سنگین جرم جانا اوراس کی پاداش میں انہوں نے نہ صرف ایم کیوایم بلکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اور انکے اہلخانہ کو بھی اپنے ظلم وبربریت کا نشانہ بنایا مگر نظریے کی سچائی کے آگے انکی تمام سازشیں اورظلم وستم کو شکست سے دوچار ہونا پڑا اورآج قائد تحریک جناب الطاف حسین کا وہی نظریہ حق پرستی سندھ کے شہری علاقوں سے نکل کر نہ صرف سندھ کے دیہاتوں وقصبوں بلکہ پاکستان کے کونے کونے میں پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ غریبوں کا اتحاد ہی انہیں ان کے جائز حقوق دلاسکتا ہے اور جب تک 98 فیصد طبقے کے عوام مکمل طور پر میدان عمل میں نہیں آئیں گے تب تک ملک پرغریبوں کی حکمرانی اورانکی ترقی وخوشحالی کے خواب کو تعبیر نہیں ملے گی حق پرست ایم پی اے اکرم عادل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین واحد رہنما ہیں جنہوں نے کبھی بھی اپنی ذات کیلئے کچھ نہیں مانگا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے اسی طرز سیاست وخدمت سے متاثر ہوکر لوگوں کے قافلے متحدہ قومی موومنٹ میں شامل ہورہے ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ کے پیروکاروں میں بڑھتا ہوا اضافہ اس ملک میں امن وخوشحالی کے انقلاب کی نوید دے رہا ہے۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کا سوگواران سے اظہارِ تعزیت

حیدرآباد:۔۔۔13 مئی 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف رکن زونل کمیٹی رسول بخش میمن اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی اکرم عادل نے سیکٹر ہالہ کے ذمہ داران کے ہمراہ رجب علی جعفری کے انتقال پر انکے بھائی فقیر حسین علی جعفری سے اور سید میرل شاہ کے انتقال پر انکے بیٹا سید ممتاز شاہ سے اور احمد شاہ کے انتقال پر وصی مراد شاہ سے انکے گھر جا کر تعزیت کی اور فاتحہ خوانی کی۔

## جناب الطاف حسین نے بلاتفریق رنگ ونسل، زبان اور مذہب انسانیت کی خدمت کا درس دیا، سہیل یوسف
## زونل آفس پر راجہ سعید کی سربراہی میں آنے والے فنکاروں کے وفد سے گفتگو

حیدرآباد:۔۔۔13 مئی 2012ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف نے کہا ہے کہ جناب الطاف حسین نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام کے ساتھ ہونے والے ظلم وجبر اور ناانصافی کے خلاف آواز حق بلند کی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے زونل آفس پر راجہ سعید کی سربراہی میں آنے والے فنکاروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔فنکاروں کے وفد نے اپنے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہم گزشتہ کئی روز سے پریس کلب حیدرآباد پر بھوک ہڑتال پر بیٹھے ہیں مگر فنکاروں کے مسائل کے حل نہ ہونے پر تنگ ہوکر ہم نے خودسوزی کا ارادہ کرلیا۔اس پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی سہیل یوسف نے فنکاروں کے ساتھ ہونے والی حق تلفی کے ازالے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ حق پرست قیادت انکے کے مسائل کے حل کیلئے ہرممکن کوشش کریں گی۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کے مظلوم عوام کی واحد نمائندہ جماعت ہے جو ہر وقت مظلوم عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی 34 سالہ پرعزم جدوجہد ملک بھر کی عوام کے سامنے ہے اور 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے پسے ہوئے عوام کو معاشرے میں انکا جائز مقام دلوانے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اور نظریے کی بدولت آج مظلوم عوام میں سے حق پرست نمائندے عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ بلاتفریق رنگ ونسل، زبان اور مذہب انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہے۔

## کارکنان تحریک کی دی ہوئی ہدایت پر من وعن عمل کریں اور نظم وضبط کی بھرپور پابندی کرتے ہوئے تنظیمی کاموں کو سرانجام دیں
## ایم کیوایم سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ظفر خان اور میرپورخاص زون کے انچارج فرید احمد کا سیکٹرز و یونٹس کارکنان کے اجلاس سے خطاب

میرپورخاص:۔۔۔۔13 مئی،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سندھ تنظیمی کمیٹی کے رُکن ظفر خان نے کہا کہ جاگیرداراں اور وڈیروں نے ذاتی اقتدار کے دوام اور فروغ کیلئے موروثی سیاست کو فروغ دیا۔یہ بات انہوں نے میرپورخاص میں سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر جوائنٹ زونل انچارج عارف مہاجر وارا کین زونل کمیٹی بھی موجود تھے۔اجلاس سے زونل انچارج فرید احمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو آزاد ذہن اور بااختیار سوچ کے ساتھ پیدا کیا ہے،لیکن جاگیرداروں اور وڈیروں نے محض اپنے ذاتی مفادات اور انا کی خاطر اس ملک کے عوام کو غلامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کردیا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ وطن عزیز میں باقائدہ منظّم سازش کے تحت ملک کی دیہی آبادی پر نہ صرف تعلیم کے دروازے بند رکھے گئے بلکہ انہیں قوم پرستی کا آڑ میں شہری علاقوں میں رہنے والی آبادی سے بھی دور کرنے کی سازش کی گئیں۔کیونکہ انہیں معلوم ہے کہ اگر دیہی علاقوں کے غریب ہاری اور کسان تعلیم یافتہ اور باشعور ہوگے تو اُنکی سوچ اور فکر پر پابندی نہیں لگائی جاسکتی اور جب کسی بھی انسان کی فکری صلاحیتیں آزاد ہوا کرتی ہیں تو فرسودہ اور روایتی نظریات اپنے آپ دم توڑ جاتے ہیں اور انسان ایک بہتر معاشرتی زندگی گزارنے کے لیے جدوجہد کرنا شروع کرتا ہے اور پھر دنیا کی کوئی طاقت انہیں غلامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور نہیں کرسکتی۔یہی وجہ ہے کہ قائد تحریک الطاف حُسین نے اپنے کارکنان کو ذہنی اور جسمانی طور پر مسلح ہونے کے لیے زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کرنے پر زور دیا ہے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ تحریک کی دی ہوئی ہدایت پر من وعن عمل کریں اور نظم وضبط کی بھرپور پابندی کرتے ہوئے تنظیمی کاموں کو سرانجام دیں۔

☆☆☆☆☆